SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 15, 2019

ایس ای سی پی نے نجی اداروں کی ملازمین کے لئے لازمی ہیلتھ انشورنس کی تجویز پیش کر دی

اسلام آباد(جون 15 )انشورنس سیکٹر کے فروغ کے لئے اصلاحات کے سلسلے میں سیکیور ٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے وفاقی حکومت کو ملک کے تمام نجی اداروں کے ملازمین کے لئے صحت بیمہ کو لازمی قرار دینے کی تجویز پیش کر دی ہے۔

ایس ای سی پی نے وفاقی حکومت کو تجویز کیا ہے کہ پاکستان انڈسٹریل اینڈ کمرشل ایمپلائمنٹ آرڈیننس 1968 میں ترمیم کر کے نجی اداروں کے ملازمین کے لئے صحت بیمہ لازمی کیا جائے۔ تجویز کے مطابق نجی اداروں میں کام کرے والے تمام ملازمین جن میں ڈیلی ویجرز، کنٹریکٹ ملازمین اور ریگولر اور عارضی ملازمین اور ان پر انحصار کرنے والے اعزہ شامل ہیں۔ بیمہ کے تمام اخراجات آجر کی جانب سے ادا کئے جانے کی تجویز کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ یہ بھی تجویز کیا گیا ہے کہ نجی اداروں کو پابند کیا جائے کہ وہ اپنے ملازمین کو مقرر کردہ ہسپتالوں میں داخلے پر مفت علاج کی سہولت فراہم کریں جبکہ پینل کے علاوہ دیگر ہسپتالوں سے علاج پر اخراجات کی ادائیگی کی پالیسی متعارف کروائیں۔

حکومت کی جانب سے نجی شعبے کے ملازمین کے لئے صحت بیمہ لازمی قرار دینے سے ملک میں مالیاتی شمولیت کی شرح میں اضافہ ہوگا اور عوام کو صحت کی سہولتوں کی فراہمی میں بہتری آئے گی۔امریکہ، بیلجم، جرمنی، اومان، ہندوستان اور چین میں ایسی سکیمیں کامیابی سے چل رہی ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005